اہم اعلان

ضمنی امتحان درجہ کتب 1444ھ مطابق 2023ء:

ضمنی امتحانات کی تاریخ درج ذیل ہے: روزانہ دو پرچے (صبح شام) ہوں گے۔

بروز ہفتہ 29 شوال المکرّم 1444ھ مطابق 20 مئی 2023ء

بروز اتوار یکم ذیقعدہ 1444ھ مطابق 21 مئی 2023ء

بروز پیر یکم ذیقعدہ 1444ھ مطابق 22 مئی 2023ء

ضمنی امتحان کے داخلے 10 شوال المکرّم 1444ھ تک وصول کیے جائیں گے۔

درجہ حفظ کا ضمنی امتحان:

حفظ کے سالانہ امتحان میں غیر حاضر رہنے والے یا راسب ہونے والے طلبہ وطالبات حفظ کے ضمنی امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نیز ایسے طلبہ وطالبات جنہوں نے سالانہ امتحان کے داخلے تک حفظ مکمل نہیں کیا تھا اوراب رمضان المبارک تک حفظ مکمل کرلیا ہے،ان کے داخلہ فارم بھی اس امتحان کے لیے بھجوائے جاسکتے ہیں۔

امسال 1444ھ میں درجہ حفظ کے دوسرے امتحان کے داخلہ 10 ذیقعدہ 1444ھ تک وصول جائے گا اورامتحان یکم ذوالحجہ 1444ھ کو ہوگا۔

نظر ثانی کی تاریخ:

سالانہ امتحان 1444ھ کے پرچہ جات پر نظر ثانی کی درخواستیں 10 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔ وفاق کا مرتب کردہ نظر ثانی فارم ہی استعمال کیا جائے، جو کہ وفاق کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ ایک پرچہ پر نظر ثانی کی فیس، متعلقہ درجہ کی مکمل داخلہ فیس کے مساوی ہے۔

آئندہ تعلیمی سال کے سالانہ امتحانات 1445ھ کی تاریخ درج ذیل ہوگی:

بروز ہفتہ 30 رجب المرجب 1445ھ مطابق 10 فروری 2024ء سے سالانہ امتحان کا آغاز ہوگا۔

(قمری تاریخ رویت ہلال کے اعتبار سے ہوگی جو مختلف ہوسکتی ہے تاہم ہفتہ کا دن اور شمسی تاریخ 10 فروری 2024ء طے ہے)

نوٹ: سالانہ امتحان 1444ھ مطابق 2023ء کے نتائج، مدارس کو بذریعہ ڈاک نہیں بھجوائے جائیں گے۔ مدارس اپنے طلبہ وطالبات کے نتائج، وفاق کی ویب سائٹ wifaqulmadaris.org سے اپنی آئی ڈی سے خفیہ کوڈ کے ذریعے پرنٹ کر سکیں گے۔ (ہر مدرسہ کے الحاق نمبر کے آخری پانچ ہندسے، خفیہ کوڈ ہیں جو کہ مدرسہ تبدیل بھی کرسکتا ہے)